نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

جدید مشینی زراعت کے فروغ سے فصلوں کی پیداوار بڑھانے کے منصوبہ کے تحت تمام اضلاع میں سبسڈی پر زرعی مشینری وآلات کی فراہمی کے لئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب

لاہور06ستمبر2023(   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کاشتکاروں کو جدید مشینری وزرعی آلات سبسڈی پر فراہم کرنے کے لئے محکمہ زراعت پنجاب 9 ارب 88 کروڑ 78لاکھ روپے کی خطیر رقم سے"جدید مشینی کاشت کے فروغ سے فصلوں کی پیداوار بڑھانے"کے منصوبہ پر عملدرآمد کررہا ہے جس کے تحت تمام اضلاع میں زرعی مشینری وآلات کی کاشتکاروں/سروس پروائیڈرز کو سبسڈی پر فراہمی کے لئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔اس ضمن میں کاشتکاروں کو مشینری کی خرید کے لئے **60فیصد** (زیادہ سے زیادہ **5 لاکھ روپے**) سبسڈی فراہم کی جائے گی۔ درخواست گزار کم ازکم 50 ہارس پاور کے ٹریکٹر (خود چلنے والی مشینری کے علاوہ) کا مالک ہو۔درخواست گزار نہری علاقوں میں 25 ایکڑ تک اور بارانی علاقوں میں 50 ایکڑ تک زرعی زمین کا مالک/مزارع ہو۔اس منصوبہ کے تحت سبسڈی پر زرعی آلات حاصل کرنے والا کاشتکار/سروس پروائیڈر منصوبہ کی مدت کے دوران دوسرے کسانوں کو کرایہ پر خدمات دینے کا پابند ہوگا۔اس سکیم کے تحت مشینری/ آلات کے حصول کے لئے درخواست گزار نے پنجاب کے کسی اور مرکز یا ضلع میں درخواست نہ دی ہو۔منصوبہ کے تحت الاٹمنٹ لیٹر کے اجراء کے 10 دن کے اندر منظور شدہ فرموں/ کمپنیوں کے پاس بکنگ کروانا ضروری ہوگا ورنہ مالی امداد منسوخ تصور ہوگی جسے کسی بھی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جاسکے گا اور یہ مالی امداد لسٹ میں موجود اگلے اہل فرد کو دے دی جائے گی۔اس منصوبہ کے تحت حاصل کردہ مشینری کو پہلے چار سال کے دوران کسی دوسرے شخص کو فروخت یا منتقل نہیں کیا جاسکے گا۔اس کے علاوہ درخواست گزار کو متعلقہ ضلع کے اسسٹنٹ ایگریکلچر انجینئر/اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایگریکلچرل انجینئرنگ کے تحت مشینری کے آپریشنز، دیکھ بھال اور مرمت سے متعلق ایک روزہ تربیت حاصل کرنا ہوگی۔خواہشمند کاشتکار درخواست فارم بمعہ زرعی مشینری کی تفصیل محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ **field.agripunjab.gov.pk** سے ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔اس ضمن میں درخواست گزار مکمل فارم پر کرکے مطلوبہ کاغذات بشمول بیان حلفی (100روپے کے اشٹام پر) متعلقہ اسسٹنٹ ایگریکلچر انجینئر کے دفتر میں **30ستمبر 2023** تک جمع کروائیں۔درخواست فارم کی فوٹو کاپی بھی قابلِ قبول ہوگی۔ترجمان نے مزید کہا کہ اس منصوبہ سے جدید مشینی کاشت کو فروغ حاصل ہوگا اور زرعی مشینری وآلات کی فرمز میں روزگار کے مواقع بڑھنے کے علاوہ فصلوں کی پیداوار میں **5فیصد** اضافہ ہوگا۔اس منصوبہ کے تحت **7285** زرعی میکانائزیشن سروس پروائیڈرز (کاشتکاروں اور میکانائزیشن سروس فراہم کرنے والے اداروں کو) لاگت میں حصہ داری کی بنیاد پر زرعی مشینری وآلات فراہم کئے جائیں گے۔

☆☆☆☆